**08.03.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

..........................................................................

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر، خواتین کی خود انحصاری، خود اعتمادی، خود مختاری اور اُنہیں بااختیار بنا کر ہی کی جاسکتی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کے نوساری میں لکھپتی دیدی سمیلن کے دوران ڈھائی لاکھ سے زیادہ خواتین کو 450 کروڑ روپے تقسیم کیے۔

☆ شام کے ساحلی لطاقیہ علاقے میں لڑائی سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 500 سے زیادہ ہوگئی ہے۔

☆ بھارت کی خواتین کبڈی ٹیم نے پانچویں مرتبہ ایشین چمپئنس کا خطاب جیتا ہے۔

☆ اور...... خواتین پریمیئر لیگ کرکٹ میں لکھنؤ کے اِکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں UP واریئرس اور رائل چیلنجرس بینگلورو کے درمیان میچ جاری ہے۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**Prez Conference Womens Day**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کی تعمیر، خواتین کی خود انحصاری، خود اعتمادی، خود مختاری اور اُنہیں بااختیار بنا کر ہی کی جاسکتی ہے۔ خواتین کے عالمی دن کے موقع پر آج نئی دلّی میں ''ناری شکتی سے وکست بھارت'' کے موضوع پر منعقدہ ایک روزہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے زور دے کر کہا کہ افرادی قوت میں زیادہ خواتین ہونی چاہئیں کیونکہ بھارت، دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے۔

S/B: Prez on Economy 3rd Lage

صدر مرمو نے کہا کہ مرکزی حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لئے مسلسل کام کر رہی ہے کہ ملک میں خواتین سیاسی، اقتصادی اور سماجی طور پر بااختیار ہوں اور بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کے وژن کی جانب لے جانے کے قابل ہوں۔ انہوں نے ناری شکتی وَندَن ادھینیم کے ذریعے لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں خواتین کے لیے ریزرویشن کی فراہمی کو سیاسی طور پر خواتین کو بااختیار بنانے کی جانب ایک تاریخی قدم قرار دیا۔ x

**PM Navasari**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے خواتین کی زندگی کو بہتر بنانے کیلئے حکومت کے ذریعے کئے گئے اہم اقدامات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اُن کی سرکار خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے پُرعزم ہے۔ آج خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر گجرات کے Navasari میں لکھ پتی دیدی سمیلن میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بھارت، خواتین کی قیادت میں ترقی کی جانب تیزی کے ساتھ گامزن ہے۔ سرکار ہر قدم پر خواتین کے وقار میں اضافہ کرنے اور ان کی خوشحالی پر کافی توجہ دے رہی ہے۔ وزیرِ اعظم نے خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے وضع کئے گئے نئے فوجداری قوانین کا حوالہ دیتے ہوئے گذشتہ دہائی کے دوران، خواتین کی سکیورٹی میں اضافہ کرنے کیلئے حکومت کی حصولیابیوں کو بھی اجاگر کیا۔ وزیرِاعظم نے لکھ پتی دیدی سمیلن کے دوران، پچیس ہزار سے زیادہ اپنی مدد آپ گروپوں سے تعلق رکھنے والی دو لاکھ پچاس ہزار سے زیادہ خواتین کو مالی مدد کے طور پر 450 کروڑ روپئے بھی تقسیم کئے۔x

**Nadda Womens Day**

بی جے پی صدر جگت پرکاش نڈّا نے کہا ہے کہ نریندر مودی سرکار خواتین کی قیادت میں ترقی پر توجہ مرکوز کر رہی ہے اور خواتین کو بااختیار بنانے کے مقصد کے ساتھ ملک کو آگے لے جارہی ہے۔ خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر نئی دلّی میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے جناب نڈا نے کہا کہ وزیرِ اعظم کا یقین ہے کہ دنیا اُسی وقت ترقی کرسکتی ہے جب خواتین بااختیار ہوجائیں گی۔ جناب نڈا نے کہا کہ اِسی مقصد کے ساتھ BJP ہمیشہ خواتین کو بااختیار بنانے کے ساتھ آگے بڑھی ہے اور یہ BJP کا بنیادی اصول رہا ہے۔ انھوں نے مہیلا سمرڈّھی یوجنا کی منظوری کیلئے دلّی کی وزیرِ اعلیٰ ریکھا گپتا کا شکریہ ادا کیا۔ دلّی اسمبلی انتخابات کے دوران BJP کا یہ انتخابی وعدہ تھا۔ انھوں نے عام آدمی پارٹی کی سابقہ سرکارپردلّی کی خواتین کی فلاح وبہبود کیلئے کچھ بھی نہ کرنے کا الزام لگایا۔

**Delhi Mahila Samridhi Yojana**

دلّی سرکار نے آج غریب خواتین کو ماہانہ دو ہزار 500 روپئے فراہم کرنے کیلئے مہیلا سمرڈّھی یوجنا کی منظوری دی۔ دلّی کی وزیرِ اعلیٰ ریکھا گپتا نے اِس کا اعلان آج قومی راجدھانی میں ایک پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انھوں نے کہا کہ خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پرمنعقد دلّی سرکار کی کابینہ کی میٹنگ میں اِس اسکیم کو منظوری دی گئی۔

S/B 2100 Rekha Gupta Mahila Samridhi Yojana

**Haryana Women Medical**

آج خواتین کے عالمی دن کے موقع پر ہریانہ کے وزیرِ اعلیٰ نائب سنگھ سینی نے ایک ہزار 90 میڈیکل افسروں کو تقرری نامہ سونپے۔ اس گروپ میں محکمہ صحت کے 561 ڈاکٹر اور آیوش محکمے کے 529 آیورویدک میڈیکل افسر شامل ہیں۔

## AKASHWAI WOMEN'S DAY

آکاشوانی نیوز نے آج ایک منفرد انداز میں خواتین کا عالمی دن منایا، جہاں انگریزی اور ہندی خبروں کے تمام بلیٹن خواتین نیوز ریڈرس کے ذریعہ پیش کیے گئے۔ یہ سلسلہ نصف شب سے شروع ہوا اور اب تک جاری ہے۔ اس دوران انگریزی اور ہندی میں تمام 45 اہم اور ہر گھنٹے کے بلیٹن نیز نیوز میگزین پروگرام خواتین نیوز ریڈر کے ذریعے پیش کیے گے۔x

## Nadda Ishta Symposium

مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے آج اعلان کیا کہ حکومت اگلے پانچ برسوں میں طبی تعلیم میں 75 ہزار نئ سیٹوں کے اضافے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ جناب نڈا، نئ دلّی کے بھارت منڈپم میں صحت ٹیکنالوجی جائزہ (ISHTA) 2025 کے موضوع پر بین الاقوامی سمپوزیم کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب نڈا نے اجاگر کیا کہ 2014 کے بعد سے ملک میں میڈیکل کالجوں کی تعداد میں 101 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ دوسرے اور تیسرے درجے کے حفظانِ صحت نظام کو مستحکم بنانے کے لیے ملک بھر میں 22 آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (AIIMS) کا افتتاح کیا گیا ہے۔ جناب نڈا نے پیرامیڈیکس، نرسوں اور صف اول کے کارکنوں کو تربیت فراہم کرکے حفظانِ صحت کے شعبے کو وسعت دینے پر حکومت کی خصوصی توجہ کو اجاگر کیا۔

S/B: J P Nadda - 75 Seat

## Parilament Budget Session

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا دوسرا مرحلہ پیر سے شروع ہوگا۔ 4 اپریل تک جاری رہنے والے بجٹ اجلاس کے دوسرے مرحلے میں کُل 20 نشستیں ہوں گی۔ اجلاس کے دوران، سال 2025-26 کے لیے مطالباتِ زر اور متعلقہ بل پر بحث اور ووٹنگ ہوگی۔ اس کے علاوہ بینکنگ قوانین (ترمیمی) بل، ساحلی جہاز رانی بل 2024، تریبھون سہکاری یونیورسٹی بل، امیگریشن اور غیر ملکیوں سے متعلق بل 2025 اور ریلوے (ترمیمی) بل سمیت متعدد بل کو غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا پہلا مرحلہ 31 جنوری سے 13 فروری تک منعقد کیا گیا تھا۔ x

## Rajnath Bangladesh

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج کہا کہ بھارت نے ہمیشہ اپنے پڑوسی ممالک کے ساتھ صحتمند تعلقات برقرار رکھنے کی پرزور حمایت کی ہے اور بنگلہ دیش اس سے جدا نہیں ہے۔ ایک نیوز ایجنسی کے ساتھ انٹرویو میں جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت نے ہمیشہ اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے رشتے اُستوار رکھنے کی کوشش کی ہے۔ انھوں نے سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے اس قول کا بھی حوالہ دیا کہ دوست بنائے جاسکتے ہیں لیکن پڑوسی نہیں۔x

## Syria Fight Toll

شام کے ساحلی خطے لتاکیہ خطے میں سرکاری فورسیز اور معزول رہنما بشارالاسد کے مسلح حامیوں کے درمیان جاری جنگ میں ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 500 سے زیادہ ہوگئی ہے۔ برطانیہ میں قائم انسانی حقوق کی شامی اوبزرویٹری کے مطابق کم از کم 120 باغی اور 93 سرکاری افواج کے اہلکار ہلاک ہوئے ہیں۔ اس میں یہ بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ ان انتقامی حملوں میں کم از کم 330 شہری بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ شامی حکام نے ہلاک شدگان کی تعداد شائع نہیں کی ہے۔x

## IRAN France

ایران نے فرانس کے صدر Emmanuel Macron کے اُس بیان کو مسترد کردیا ہے جس میں انھوں نے کہا ہے کہ یوکرین کے خلاف حملے میں روس نے ایران کے فوجی ہتھیار استعمال کئے ہیں۔ ایران کے وزارتِ خارجہ کے ترجمان Esmaeil Baghaei نے ایک بیان میں کہا کہ فرانس کے حکام کی جانب سے باربار ایسے بے بنیاد اور غلط الزامات عائد کیا جانا غیر ذمہ دارانہ امر ہے۔x

## Ukraine Attack

روس کی جانب سے Donetsk اور Kharkiv سمیت یوکرین کے کئی علاقوں پر رات بھر کئے گئے حملوں میں کم از کم 14 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ یوکرین کے اہلکاروں کے مطابق روسی افواج نے Dobropillia پر بیلسٹک میزائلوں، کئی راکٹوں اور ڈرونز کے ذریعے حملے کیے۔ ان حملوں میں 8 کثیر منزلہ عمارتوں اور 30 گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے۔ حکام کے مطابق Donetsk کے Dobropillia میں روسی حملوں کے بعد 8 رہائشی عمارتوں اور انتظامیہ کی ایک عمارت کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ کل اپنے پہلے بڑے میزائل حملے میں روسی افواج نے یوکرین کی توانائی اور گیس کے بنیادی ڈھانچے کو تباہ کردیا۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے Kyiv کے ساتھ معلومات کے اشتراک کو بند کردینے کے بعد امریکہ کی خلائی کمپنی Maxar Technologies نے بھی اپنی سیٹلائیٹ تصاویر تک یوکرین کی رسائی روک دی ہے۔ یوکرین کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر رات بھر روس کے حملے کے بعد یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی نے فضائی اور بحری جنگ بندی کیلئے کہا ہے۔ دوسری جانب روس کے لینن گراڈ علاقے کے گورنر Alexander Drozdenko نے آج بتایا کہ Kirishi Refinery کے مقام پر روس کا ایک بڑا ٹینک اُس وقت تباہ ہوگیا جب یوکرینی ڈرون کو مار گرائے جانے کے بعد اُس کا ملبہ ٹینک پر آگرا۔x

## Trump Russia

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کناڈا کو اس کی لکڑی اور ڈیری مصنوعات پر نئے محصولات کی دھمکی دی ہے۔ گذشتہ رات اوول آفس میں پریس کانفرنس کو خطاب کرتے ہوئے امریکی صدر نے پڑوسی ملک کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ انھوں نے کہا کہ امریکی ڈیری مصنوعات پر کناڈائی محصولات 250 فی صد تک پہنچ گئی ہے جو غیر منصفانہ ہے۔

انھوں نے کہا کہ امریکہ بھی اتنا ہی ٹیکس عائد کرے گا۔ صدر ٹرمپ کے دعوؤں کا جواب دیتے ہوئے کناڈا کے وزیر تجارت Mary NG نے مجوزہ محصولات کو پوری طرح غیر منصفانہ قرار دیا۔x

## Pakistan Afghan Migrants

پاکستان نے دستاویزات رکھنے والے تمام افغان پناہ گزینوں سے کہا ہے کہ وہ 31 مارچ تک ملک چھوڑ دیں یا ملک واپس بھیجنے کی کارروائی کا سامنا کریں۔ پاکستان کی جانب سے یہ حکم نامہ، افغانستان کے پناہ گزینوں اور ملک واپسی سے متعلق وزارت کے ذریعے افغانیوں کو ملک واپس بھیجنے کی رفتار کو کم کرنے کی درخواست کے بعد سامنے آیا ہے۔ پاکستان کے اِس حکم نامے میں افغان سیٹیزن کارڈ ACC رکھنے والے لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اگلے تین ہفتے اندر ملک چھوڑ دیں۔ اِس میں مزید کہا گیا ہے کہ دستاویزات رکھنے والے افغان پناہ گزینوں کو ملک واپس بھیجنے کی کارروائی یکم اپریل کو شروع ہوگی۔ مقامی میڈیا نے خبر دی ہے کہ اِس حکم سے پاکستان میں رہنے والے دستاویزات کے حامل تقریباً 9 لاکھ افغان پناہ گزیں متاثر ہوں گے۔ x

## J&K Lok Adalat

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کے تمام علاقے میں آج سال 2025 کے پہلے قومی لوک عدالت کا کامیابی کے ساتھ انعقاد کیا گیا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اس اقدام کا مقصد موٹرگاڑیوں کے حادثے کی صورت میں بیمہ کے دعوؤں سے متعلق ٹرائیبونلMACT، ازدواجی تنازعات، Negotiable Instruments ایکٹ کے تحت چیک باؤنس کے معاملات، رقم وصولی، تجارتی تنازعات اور فوجداری معاملات کے دوستانہ تصفیے کو فروغ دینا ہے۔ جموں وکشمیر میں ایک دن کی قومی لوک عدالت میں 165 بینچوں کے ذریعے اٹھائے گئے کُل ایک لاکھ 99 ہزار 853 معاملوں میں سے ایک لاکھ 88 ہزار 422 معاملوں کو خوش اسلوبی سے نمٹا دیا گیا۔x

## Kabaddi

بھارتی خواتین کبڈی ٹیم نے پانچویں دفعہ ایشین چمپئن شپ کا خطاب جیتا ہے۔ آج دوپہر تہرن میں چھٹے ایشیائی خواتین چمپئن شپ کے فائنل مقابلے میں دفاعی چمپئن بھارت نے ایران کو 35-32 سے ہرا دیا۔ بھارتی خواتین ٹیم پورے ٹورنامنٹ میں ناقابل شکست رہی۔ کل شام پہلے سیمی فائنل میں نیپال کو 56-18 سے شکست دے کر بھارتی ٹیم فائنل میں پہنچی تھی۔ دوسری جانب ایران نے دوسرے سیمی فائنل میں بنگلہ دیش پر 41-18 سے جیت حاصل کی تھی۔x

## Womens Primium League Cricket

خواتین کے پریمیر لیگ کرکٹ میں لکھنؤ کے Ekana کرکٹ اسٹیڈیم میں یوپی واریئرس نے دفاعی چمپئن رائل چیلنجرس بنگلورو کے سامنے جیت کیلئے 226 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ یوپی واریئرس نے مقررہ 20 اوورس میں 5

وکٹ پر 225 رن بنائے۔ اِس سے پہلے رائل چیلنجرس بینگلورو نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کا فیصلہ کیا۔ اگلے راوٗنڈ میں پہنچنے کیلئے RCB کیلئے دونوں مقابلے جیتنا لازمی ہے۔ فی الحال درجہ بندی کی فہرست میں RCB چھ میچوں میں چار پوائنٹ کے ساتھ چوتھے مقام پر ہے جبکہ یوپی وائریئرز سات میچوں میں چار پوائنٹس حاصل کرکے ٹورنامنٹ سے باہر ہوچکا ہے اور درجہ بندی میں سب سے نچلے مقام پر ہے۔x

☆☆☆☆☆☆